سوال

خوارجی کون ہے

جواب

خوارج کون ہیں ۔ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ خوارج کون ہیں ، کچھ بریلوی اور دیوبندی حضرات اہل حدیث کو خوارج کہتے ہیں اس کی وضاحت کریں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! کسی کے کہنے سے کوئی خارجی نہیں بن جاتا ، آپ انہیں کہہ دیں ، الزام جواب الزام سے مسائل حل نہیں ہوتے ۔ خارجی دراصل وہ لوگ ہیں جو حضرت علی کی فوج سے اس بنا پر علیحدہ ہوگئے کہ انھوں نے حضرت امیر معاویہ کی ثالثی کی تجویز منظور کرلی تھی ۔ خارجیوں کا نعرہ تھا کہ ''حاکمیت صرف اللہ ہی کے لیے ہے'' انھوں نے مقام حرورا میں پڑاؤ ڈالا اور کوفہ ، بصرہ ، مدائن وغیرہ میں اپنے عقائد کی تبلیغ شروع کردی ۔ ان کا عقیدہ تھا کہ دینی معاملات میں انسان کو حاکم بنانا کفر ہے اور جو لوگ ایسے فیصلوں کو تسلیم کرتے ہیں وہ واجب القتل ہیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث